3 منٹ سیریز

تجوید ٹپ- 21

✓ جب بھی آپ کو موقعہ ملے کسی عالم سے یا خاص کر تجوید کے ٹیچر سے بات کرنے کا تو ان کے سامنے کم از کم ایک آیت پڑھیے اور ان سے فیڈ بیاک لیجیے کہ آپ کی تلاوت کیسی ہے۔

قاری صاحب کے ساتھ پڑھنے کے فائدے

✓ آپ اپنے مد صحیح کر سکتے ہیں خاص کر تین جگھوں پر

- الف مد، یاء مد، واو مد (ـَا، ـِيْ، ـُوْ)
- غنہ
- لمبے مد

قاری صاحب کے ساتھ پڑھنے کے فائدے

- ✓ جب آپ ایک اچھے قاری سے سنیں گے تو مخارج، صفاوت و قواعد سے آپ کا دماغ اچھی طرح مانوس ہوتا جائے گا اسطرح سے آپ کو دہرانے میں بھی آسانی ہو گی۔
- ✓ آپ کو لمبی سانس کی پریکٹس کا بھی موقع ملے گا۔
- ✓ اور دوسروں کے سامنے پڑھنے کی جھجک بھی دور ہو جائے گی۔
- ✓ آپ کو اپنی تلاوت پر اعتماد پیدا ہو گا۔ ان شاء اللہ

Visit understandquran.com for 1 to 1 courses for children and adults
for Read Al-Qur'an,' Learn Tajweed, and Understand Al-Qur'an.

3 منٹ سیریز

قاری صاحب کے ساتھ پڑھنے کے فائدے

- ✓ مگر یاد رکھیے آپ کو کسی تجوید ٹیچر سے اپنی تلاوت چیک کرانا ضروری ہے اس لیے کہ سننے والا ہی کہہ سکتا ہے کہ آپ صحیح پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔
- ✓ اگر آپ کے پڑوس میں کوئی ٹیچر نہ ملے تو آپ آن لائن ٹیچر سے بھی پڑھ سکتے ہیں۔
- ✓ اس وقت ہم شیخ مشاری العفاسی جو کویت کے ہیں ان کے ساتھ پریکٹس کر رہے ہیں۔
- ✓ یاد رکھیے اب تک جو ہم نے پچھلے اسباق میں سیکھا وہ صحیح پڑھنا تھا اب ہم اچھا پڑھنا سیکھ رہے ہیں اور اس کے لیے ہم مشہور قاریوں کے ساتھ پریکٹس کر رہے ہیں۔

Visit understandquran.com for 1 to 1 courses for children and adults for Read Al-Qur'an,' Learn Tajweed, and Understand Al-Qur'an.